17.07.2024

21.15 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

..........................................................................

☆ ہریانہ سرکار نے پولیس، کانکنی اور جیل کے محکموں میں اگنی ویروں کیلئے دس فیصد ریزرویشن فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ عمان میں 13 بھارتی عملے کے ساتھ ایک آئل ٹینکر کے الٹ جانے کے بعد بھارتی بحریہ بچاؤ کی کارروائی میں مصروف ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے سوراشٹر، کچھ، کونکن، گوا، ساحلی کرناٹک اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ بنگلہ دیش میں کوٹہ اصلاحات کا مطالبہ کرنے والوں پولیس اور حکومت کے حامی طلبا کے درمیان جھڑپ جاری ہے۔ اگلے اطلاع نامہ تک تمام تعلیمی ادارے بند رہیں گے۔

☆ اور کھیلوں میں

کھیلوں کی وزارت نے آنے والے پیرس اولمپکس کیلئے 117 کھلاڑیوں پر مشتمل دستے کی منظوری دی ہے۔

..........................................................................

**(Music)**

## اب خبریں تفصیل سے

### Agniveer

ہریانہ سرکار پولیس، کانکنی اور جیل کے محکموں میں کچھ مخصوص عہدوں پر تقرری کے لیے اگنی ویروں کو **10** فیصد مساوی ریزرویشن فراہم کرے گی۔ آج چنڈی گڑھ میں ایک پریس کانفرنس میں اس کا اعلان کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے کہا کہ ہریانہ میں کاؤنسٹیبل، مائننگ گارڈ، فاریسٹ گارڈ اور **SPO** کے عہدوں پر براہِ راست تقرری میں اگنی ویروں کو **10** فیصد ریزرویشن فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگنی ویروں کو گروپ ڈی کی تقرری میں عمر میں **3** سال کی چھوٹ دی جائے گی۔ پہلے **Batch** کے لیے اس میں **5** سال کی چھوٹ ہوگی۔ انہوں نے گروپ **C** میں اگنی ویروں کے لیے **5** فیصد مساوی ریزرویشن اور گروپ **B** کے عہدوں میں ایک فیصد ریزرویشن کا بھی اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری محکموں، بورڈز اور کارپوریشن میں تعیناتی چاہنے والے اگنی ویروں کو مختلف زمروں میں اُن کی کارکردگی کی بنیاد پر ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی صنعتی یونٹ میں اگنی ویروں کو **30** ہزار روپے سے زیادہ فی ماہ تنخواہ دی جاتی ہے تو سرکار اُس صنعتی یونٹ کو **60** ہزار روپے کا سالانہ سبسڈی دے گی۔ اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ نے یہ بھی اعلان کیا کہ اگر کوئی اگنی ویر اپنی خود کی کمپنی قائم کرتا ہے تو اُنہیں **5** لاکھ روپے تک کا بلا سود قرضہ دیا جائے گا۔×

### INDIAN NAVY OMAN

بھارتی بحریہ کا ایک جنگی جہاز اور گشتی ساحلی طیارہ **P-81** تلاش اور بچاؤ کی کارروائی کیلئے عمان بھیجا گیا ہے۔ راس مدرکہ کے جنوب مشرقی میں تقریبا **25** میل کے فاصلے پر کوموروس کا پرچم بردار یہ تیل کا جہاز **MV Prestige Falcon** الٹ گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق جہاز میں **16** افراد تھے جن میں **13** بھارتی اور تین سری لنکا کے شہری تھے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا ہے کہ یہ جنگی جہاز خطے میں تعینات اور آپریشن **Turnaround** سے گزر رہا تھا۔ اسے تلاش اور بچاؤ میں مدد فراہم کرنے کیلئے مختصر وقفے کیلئے بھیجا گیا۔ ذرائع نے مزید کہا ہے کہ تلاش اور بچاؤ کی کوششیں عمانی حکام اور دیگر سازوسامان کے ساتھ اونچی لہروں اور تیز ہوا کے درمیان کی جارہی ہیں۔ اس بحری جہاز نے مقامی وقت کے مطابق رات **10** بجے کے قریب عمان کے ساحل سے ایک آفت رساں کال کیا تھا۔

### GOYAL G-7 MINISTERS

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج اٹلی میں گروپ سات ملکوں کے وزرائے تجارت کے اجلاس میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ میٹنگ کی۔ اس میٹنگ میں جناب گوئل کی شرکت، تجارت اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کیلئے عالمی معیشتوں کے ساتھ شراکت داری کے ملک کے واضح نظریہ کو اجاگر کرتی ہے۔ اس میٹنگ کے

موقع پر وزیر موصوف نے یوروپی یونین اور برطانیہ کے ساتھ اقتصادی تعلقات نیز غیرملکی تجارت سے متعلق سمجھوتوں کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب گوئل نے اٹلی کے نائب وزیراعظم، امور خارجہ اور بین الاقوامی تعاون کے وزیر Antonio Tajani کے ساتھ بات چیت کی۔ انہوں نے یوروپی کمیشن کے ایگزیکٹیو نائب صدر Valdis Dombrovskis کے ساتھ بھی تبادلہ خیال کیا۔ X

## Kolkata Minister of Power

توانائی کے مرکزی وزیر منوہر لال کھٹّر نے آج کولکاتہ کے دامودر ویلی کارپوریشن DVC ہیڈکوارٹرس میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ جناب کھٹّر نے کہا کہ DVC بھارت میں پہلا کثیر مقصدی ندی پروجیکٹ ہے اور یہ ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ DVC چیئرمین S Suresh اور اعلیٰ سطح کے دوسرے اہلکار میٹنگ میں موجود تھے۔ وزیر موصوف نے توانائی کے شعبے میں قابلِ تجدید توانائی کے حصے میں اضافے پر زور دیا۔×

## Nadda Review Meeting

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈّا نے عالمی سطح کی ادویات منضبط فریم ورک تیار کرنے پر زور دیا ہے، تاکہ ملک، دواسازی کے عالمی پیمانے کی برابری کر سکے۔ انہوں نے فارما اور میڈیکل صنعت سے لگاتار بات چیت پر زور دیا ہے تاکہ پروڈکٹس کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جا سکے۔ جناب نڈّا نے ادویات، کاسمیٹکس اور میڈیکل صنعت کے نظم و ضبط پر آج ایک جائزہ میٹنگ کی۔ سب سے زیادہ پیداوار اور ادویات کی برآمدکار کے طور پر ملک کے عالمی پوزیشن کو اُجاگر کرتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ ادویات کے معیار کو کنٹرول کرنے سے متعلق مرکزی تنظیم، عالمی معیارات کو حاصل کرنے کے لیے ایک خاکہ تیار کرے۔×

## Jaishankar Mauritius

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ماریشس کے اپنے سرکاری دورے کے دوران آج وہاں کے سابق وزراء اعظم ڈاکٹر نوین رام غلام اور Paul Berenger سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر نوین رام غلام سے ملاقات کے بعد جناب جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے طویل عرصے سے جاری باہمی شراکت داری اور مستقبل میں اس میں اضافے کے معاملے پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب Paul کے ساتھ اپنی میٹنگ کے بارے میں وزیر خارجہ نے کہا کہ اُن کے درمیان حالیہ عالمی معاملات پر مثبت بات چیت ہوئی۔ڈاکٹر جے شنکر نے اپوزیشن کے لیڈر ڈاکٹر ارونِ Boolell سے بھی ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت–ماریشس تعلقات اور بھارتی بحرالکاہل خطّے کی بھلائی اور خوشحالی کے لیے اس کی اہمیت پر تبادلۂ خیال کیا۔ وزیر موصوف نے Parti Mauricien Social ڈیموکریٹ کے لیڈر Xavier Luc

Duval سے بھی ملاقات کی۔x

## ODISHA LORD JAGANATH WITH VC

کھیل کود کی وزارت نے پیرس اولمپک کھیلوں کیلئے، بھارتی دستے کو قطعیت دے دی ہے۔ اس دستے میں 117 ایتھلیٹس اور اُن کے ہمراہ 140 معاون عملہ اور حکام ہوں گے۔ پیرس اولمپک مقابلے 26 جولائی سے شروع ہوں گے اور گیارہ اگست تک جاری رہیں گے۔ بھارتی دستے میں ایتھلیٹکس کے سب سے زیادہ 29 کھلاڑی ہوں گے۔ وہیں تیراندازی کے 21 اور ہاکی کے 19 کھلاڑی بھارتی دستے میں شامل ہوں گے۔ ٹیبل ٹینس کے 8 جبکہ بیڈمنٹن کے سات کھلاڑی اس دستے میں شامل ہوں گے۔ بیڈمنٹن کے کھلاڑیوں میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیتنے والی پی وی سندھو بھی شامل ہوں گی۔ X

## MUHARRAM

آج عاشورۂ محرم ملک کے مختلف حصوں میں پوری عقیدت اور احترام کے ساتھ منایا گیا۔ پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور اُن کے جاں نثار ساتھیوں نے حق وصداقت اور انصاف کی سربلندی کیلئے میدانِ کربلا میں جو عظیم قربانی پیش کی تھی، اُس کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔ اِس موقع پر تعزیے کے جلوس نکالے گئے جنھیں بعد میں اُن کے مقررہ مقامات پر دفن کردیا گیا۔ مجالس کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں علمائے کرام نے کربلا کے واقعے کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ دلی میں جامع مسجد، نظام الدین، اوکھلا اور مہرولی سمیت مختلف علاقوں سے تعزیوں کے جلوس نکالے گئے۔

x

## Railway Nanhe Farishte

ریلوے حفاظتی فورس، RPF نے سال 2018 سے اِس سال مئی تک سات برسوں میں آپریشن ننّھے فرشتے کے تحت 84 ہزار سے زیادہ بچوں کو بازیاب کرایا ہے۔ ریلوے کی وزارت کے مطابق ننھے فرشتے، بھارتی ریلوے کے مختلف زونس میں توجہ اور تحفظ کے حقدار بچوں کو بچانے کا ایک مشن ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ RPF کے ذریعہ بازیاب کرایا گیا بچہ، بچوں کی بہبود کی ضلعی کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے جو بعد میں اُس بچے کو اس کے والدین کے سپرد کرتی ہے۔ X

## IMD

بھارتی محکمے موسمیات IMD نے کل جنوبی داخلی کرناٹک، ساحلی کرناٹک، سوراشٹر اور کچھ، کونکن اور گوا میں بہت شدید بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل، کیرالہ، ماہے، ساحلی آندھراپردیش اور ینم میں بہت تیز بارش کے لیے بھی اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ نے کہا ہے کہ اُتراکھنڈ، گجرات اور مشرقی راجستھان میں بھی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔×

## Bangladesh-Clashes

بنگلہ دیش میں جاری سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ اصلاحات کی تحریک آج سہ پہر پرتشدد ہوگئی۔ کوٹہ حامیوں اور پولیس کے درمیان جھڑپ، اس وقت شروع ہوگئی جب پولیس نے ڈھاکہ یونیورسٹی کے طلبا مظاہرین پر آنسو گیس اور ساؤنڈ گرینیڈ فائر کئے۔ یہ طلبا کل احتجاج کے دوران ہلاک ہونے والے چھ افراد کیلئے تابوت جلوس نکالے ہوئے تھے۔ بارڈر گارڈ بنگلہ دیش کے اہلکاروں کو ڈھاکہ، غازی پور، Chattogram, Bogura، رنگ پور اور راج شاہی میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ وزارت تعلیم نے پولیٹیکنک اداروں سمیت تمام ثانوی اور اعلی ثانوی تعلیمی اداروں کو اگلے اطلاع نامہ تک بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ اِسی دوران اقوام متحدہ نے بنگلہ دیش کی حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ اصلاحات کا مطالبہ کرنے والے طلبا مظاہرین کے خلاف کسی بھی قسم کی دھمکی یاتشدد کا استعمال نہ کرے اور ان کی حفاظت کرے۔ سرکاری اور نجی یونیورسٹیوں کے طلبا اور اساتذہ یکم جولائی سے سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کررہے ہیں۔ X

## Calcutta HC Mamata Banerjee

کلکتہ ہائی کورٹ نے، مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کو گورنر ڈاکٹر سی وی آنند بوس کے خلاف کسی طرح کا ہتک آمیز بیان دینے سے روک دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے خلاف گورنر نے ہتک آمیزی کا ایک کیس درج کیا تھا۔ جسٹس کرشنا راؤ کی ایک ممبر بنچ نے یہ حکم نامہ پاس کیا ہے۔×

## Jitendra Healthcare

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر جتیندر سنگھ نے قابلِ رسائی اور سستی حفظانِ صحت کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی، حفظانِ صحت کے شعبے میں انقلاب پیدا کر رہی ہے اور مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ کے آلات کا تال میل اس میں آسانی اور بہتری پیدا کر سکتے ہیں۔ آج نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ملک دنیا میں10 اہم Bio-manufacturers میں سے ہے اور یہ سستی حفظانِ صحت فراہم کرنے والا اہم ملک بن گیا ہے۔ آیوشمان کارڈ، ڈیجیٹل ہیلتھ کیئر مشن، پی

ایم جَن اوشدھی جیسی مختلف اسکیموں کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ٹیکنالوجی، حفظانِ صحت تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔×

**Pakistan Granade Blast**

پاکستان کی جنوبی ریاست سندھ میں آج ایک پولیس اسٹیشن پر دستی بم کے ایک دھماکے میں کم از کم 9 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ایک ہتھ گولہ اپنے آپ پھٹ گیا، جو ممکن ہے کہ پولیس اسٹیشن کے اسٹور روم میں گرمی کی وجہ سے پھٹا۔ اس حادثے میں 7 پولیس والے زخمی ہو گئے۔ دھماکے کے بعد بچاؤ ٹیمیں اور بم کو ناکارہ بنانے والے اسکواڈ جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور زخمیوں کو قریب کے اسپتال میں داخل کرایا۔ پولیس نے کہا ہے کہ دھماکے کی اصل وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہے۔×

**Tennis - Sumit Nagal**

سویڈش اوپن ٹینس میں بھارت کے **Sumit Nagal** کا مقابلہ 36 ویں نمبر کے عالمی کھلاڑی ارجنٹینا کے **Mariano Navone** سے ہوگا۔ یہ میچ کل کھیلا جائے گا۔ کل کھیلے گئے ایک مقابلے میں ناگل نے سویڈش کھلاڑی **Elias Ymer** کو چھ-چار، چھ تین سے ہرا دیا تھا۔**ATP** کی حالیہ درجہ بندی میں مردوں کے سنگلز میں وہ 68 ویں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ یہ اُن کے کیرئیر کی بہترین پوزیشن ہے۔تاہم مردوں کے ڈبلز میں **Alexandre Muller** اور **Luca Van Assche** پر مشتمل فرانس کی جوڑی نے **Sumit Nagal** اور **Karol Drzewiecki** کی بھارتی جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں ہرا دیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆